سوال

(15) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شاہدرہ سے غلام اللہ پوچھتے ہیں کہ اگر کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف غلط بات منسوب کرے اس کے متعلق کیا وعید ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایسی بات منسوب کرنا جو آپ نے نہ کہی ہے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کسی غلط بات کی نسبت کرنا بہت بڑا جرم ہے ۔ فرمان نبوی ہے کہ : ''جو انسان مجھ پر دانستہ جھوٹ باندھتا ہے اس نے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لیا ہے ۔'' (صحیح بخاری کتاب العلم)

اس حدیث کی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اپنی بات کہنا یا آپ کی طرف غلط بات منسوب کرنا حرام اور ناجائز ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد: 1 صفحہ: 53